DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

مورخہ 21.05.2025

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | امن وآشتی کیلئے مذہبی رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ضروری۔ گورنر مندوخیل | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | کسی کو غیر قانونی مائننگ کی اجازت نہیں دی جائے گی، سرفراز بگٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سمیت صوبے کی مجموعی ترقی مدنظر ہے، بخت محمد کاکڑ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | عدالت سے ہی عوام کی امیدیں وابستہ ہیں، سلیم کھوسہ، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | حلقہ انتخاب خاران کی ترقی اولین ترجیحات میں سے ایک ہے، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | فیلڈ مارشل بننے پر عاصم منیر کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، ربابہ بلیدی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | جنرل عاصم منیر کی ترقی پاکستان کیلئے نیک شگون ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | خاران کی ترقی کیلئے تمام وسائل استعمال کر رہے ہیں، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | معیاری تعلیم کا فروغ اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | کوئٹہ مختلف سڑکوں کو نوپارکنگ اور نوکارٹ زون قرار دے دیا گیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | مراکز صحت میں بہتری لائے بغیر عوامی مسائل حل نہیں ہوسکتے، ڈپٹی کمشنر جعفرآباد | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | سرکاری محکموں میں بے ضابطگیوں پر کوئی کمپرومائز نہیں ہوگا، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | جسٹس اعجاز سواتی چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نامزد، جوڈیشل کمیشن نے منظوری دیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | کوئٹہ میں گردوں کی پیوندکاری کا آپریشن شروع کردیا، بنیق | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | صحبت پور کے صحافیوں نے سرکاری خبروں کا بائیکاٹ کردیا | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | بحرانوں سے نکلنے کیلئے صوبے کے لوگ سیاست کی تشکیل نو کریں، لشکری رئیسانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | اپنے دور اقتدار میں امن وامان کی خراب صورتحال بہتر بنائی، مالک بلوچ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

حب سے دو لاشیں برآمد، واشک فائرنگ سے ایک شخص جان بحق، چور زخمی، سیکورٹی فورسز کی دو مختلف کارروائیوں میں تین دہشتگرد ہلاک سیکورٹی فورسز کی کارروائی قابل فخر ہے، سرفراز بگٹی، بلوچستان سے فرانس اسمگل کیے گئے نوادرات پاکستان کے حوالے، چمن لیویز نے سو کلوگرام افیون برآمد کرلی، نوشکی دو شہری موٹرسائیکل سے محروم ڈکیتوں کی فائرنگ، بیلہ اشتہاری مجرم گرفتار،

## عوامی مسائل:

کوئٹہ چمن شاہراہ جبل نور کے مقام تباہ حالی کا شکار دھول مٹی سے شہری پریشان، کلی ہنگزئی وملحقہ علاقوں کے چار ٹیوب ویلز خراب لاکھوں کی آبادی پانی سے محروم، چاغی کے گرین بیلٹ لشکر آپ اور گردونواح کے علاقے بجلی سے محروم، محمد تاوہ میں زیر التواء سڑک کے پلوں کی غیر معیاری کام کا نوٹس لیا جائے، عوامی حلقے

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 21.05.2025**

**اداریہ:**

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے " **دہشت گردی کے واقعات** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ بازار میں اتوار کے روز نصب کئے گئے بم دھماکے میں چار افراد جاں بحق اور 20 زخمی ہو گئے لیویز ذرائع کے مطابق واقعہ میں متعدد دکانیں گر گئیں اور کئی ایک کو آگ لگ گئی دھماکے کے بعد مسلح افراد اور ایف سی اہلکاروں میں فائرنگ کا تبادلہ ہوا علاقے میں ہیلتھ سہولیات کی کمی کے باعث زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کرنا پڑا۔ اسی روز ضلع پنجگور میں ہونے والے فائرنگ کے دو الگ الگ واقعات میں دہشت گردوں کے ہاتھوں تین افراد کے جاں بحق ہونے کی اطلاع ہے فائرنگ کے ضمن میں اس سے قبل بھی صوبے میں مختلف واقعات دیکھے جا چکے ہیں جبکہ موجودہ صورتحال مزید باعث تشویش دکھائی دیتی ہے کیونکہ دوروز قبل قلات کے علاقے کلی مکی میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے خاتون سمیت دو افراد جاں بحق ہوئے۔ کچھ عرصے سے صوبے کی سرحدی علاقوں میں ہونے والی دہشت گردی میں بھی ایسے ہی شواہد دیکھنے کو ملے ہیں، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف کے خدشات کی روشنی میں بھارت آنیوالے دنوں میں ملک کے مختلف شہروں میں دہشت گردی کروا سکتا ہے جس میں دشمن بم دھماکوں، خودکش حملوں اور فائرنگ کو ہتھیار بنا سکتا ہے۔

**اداریے:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ " **کوئٹہ میں رکشوں کی بجائے الیکٹرک کاریں متعارف کرائیں جائیں گی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ میزان کوئٹہ " **بلوچستان کی خوشحالی کیلئے ترقی ناگزیر ہے!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی روانی کیلئے جدید ٹرانسپورٹ اور ٹریفک نظام وقت کی اشد ضرورت** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ "Securing Balochistan artefacts" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضامین:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ " **سریاب روڈ پر توجہ دینے کی اشد ضرورت** " کے عنوان سے ملک محمد اقبال کا مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 21 MAY 2025 Page No. 1

گورنر، مندوخیل

# امن و آشتی کیلئے مذہبی رواداری اور بھائی چارے کا فروغ ضروری

ہر مذہب کے پیروکاروں سے بہتر سلوک ہمارے مذہب کا حصہ ہے، وفاقی وزیر سردار محمد یوسف کا بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس میں اظہار خیال

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل اور وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ پاکستان میں مذاہب اور اقوام کے اعتبار سے تنوع ہی ہماری طاقت ہے ایک ہی ملک کے اندر رہتے ہوئے ہمیں اکثریت یا اقلیت کی ترجمانی کرنے کی بجائے تمام شہریوں کے برابر کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے پاکستان اور بلوچستان میں تمام اقلیتوں کی زندگی کے مختلف شعبوں میں گرانقدر خدمات ہیں اور توقع ہے کہ آئندہ بھی آپ ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری برائے مذہبی امور بیلے کمار، صوبائی مشیر برائے ماحولیات نسیم الرحمن ملاخیل، مولانا انوار الحق حقانی، قاری عبدالرشید سمیت مذہبی اسکالرز اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔ گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کا آئین ہی پاکستان میں بسنے والی تمام مذہبی اقلیتوں سمیت تمام شہریوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی اور اظہار رائے کا حق دینے کا ضامن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے تو اپنے سیاسی اکابرین سے یہی سیکھا ہے کہ ہم رنگ، مذہب اور نسل کی بنیاد پر کسی سے روا تفریق نہیں کر سکتے آج کے نفسانفسی کے دور میں، بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا بہت ضروری ہے۔ اسلئے مختلف مذاہب کے سرکردہ افراد کا اخلاقی فریضہ بنتا ہے کہ معاشرے میں رواداری، ہمدردی اور حب الوطنی کو فروغ دینے میں اپنے حصے کا کردار ادا کریں ہم ایک ایسا معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں جہاں ہر کسی کا احترام ہو۔



گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

# ملک کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہوگا، گورنر

اختلاف رائے کا احترام انسانی معاشرے کا حسن ہے۔ پاکستان میں مذاہب اور اقوام کے اعتبار سے تنوع ہی ہماری طاقت ہے

ہمیں اکثریت یا اقلیت کی ترجمانی کرنے کی بجائے تمام شہریوں کے برابر کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کو یقینی بنانی چاہیے

آئین تمام شہریوں کو مساوی حقوق، مذہبی آزادی کا حق دینے کا ضامن ہے، بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب

کوئٹہ (مشرق) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ اختلاف رائے کا احترام انسانی معاشرے کا حسن ہے۔ پاکستان میں مذاہب اور اقوام کے اعتبار سے تنوع ہی ہماری طاقت ہے۔ ایک ہی ملک کے اندر رہتے ہوئے ہمیں اکثریت یا اقلیت کی ترجمانی کرنے کی بجائے تمام شہریوں کے برابر کے حقوق و اختیارات کی پاسداری کو یقینی بنانی چاہیے۔ ملک و صوبے کو امن و آشتی کا گہوارہ بنانے کیلئے ۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

بھائی چارے، اختلاف رائے کا احترام، مذہبی رواداری اور ہم آہنگی کو فروغ دینا ہوگا پاکستان اور بلوچستان میں تمام اقلیتوں کی زندگی کے مختلف شعبوں میں گرانقدر خدمات ہیں اور توقع ہے کہ آئندہ بھی آپ ملک و صوبے کی تعمیر و ترقی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے رہیں گے۔ یہ بات انہوں نے گورنر ہاؤس کوئٹہ میں بین المذاہب ہم آہنگی کانفرنس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور اور بین المذاہب ہم آہنگی سردار محمد یوسف، پارلیمانی سیکرٹری برائے مذہبی امور بیلے کمار، نسیم الرحمن ملاخیل اور مختلف مکاتب سے تعلق رکھنے والے اسکالرز سمیت مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد بھی شریک تھے۔



گورنر جعفر خان مندوخیل چیف جسٹس محمد اعجاز سواتی سے حلف لے رہے ہیں، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بھی موجود ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. ۱

Page No. 4

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub

روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

# بلوچستان کی ترقی امن کیلئے فوج کا کردار قابل تحسین رہا، وزیراعلیٰ

## جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر مبارکباد پیش

### آپکی رہنمائی میں پاکستان مزید استحکام، ترقی اور سلامتی کی راہ پر گامزن ہوگا، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ...... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

ہوئے انہیں اس تاریخی اعزاز کے لیے قوم کا قابل فخر سپوت قرار دیا ہے اپنے تہنیتی بیان میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے نہ صرف پاک فوج کی پیشہ ورانہ قیادت کو نئی جہت دی بلکہ ملک کے دفاع، امن و امان اور قومی یکجہتی کے فروغ میں ان کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جو حکمت عملی اپنائی گئی وہ دوراندیشی، بصیرت اور قومی مفاد کے جذبے سے عبارت ہے



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ڈیرہ بگٹی میں عوامی جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سابق وزیراعظم انوار الحق کاکڑ عوام کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے [illegible] ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ سینچری ایکسپریس

پاکستان کے ۱۱ شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار




# بارود و بندوق کا نظریہ ناکام ملک کی خاطر سب سے پہلے اپنا سینہ پیش کرینگے، وزیراعلیٰ

پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے، کوئی طاقت ملک کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی، قوم اپنے سپہ سالار کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

برشور گرڈ اسٹیشن فعال، گولڈ اسٹور ریج قائم کیا جائیگا، معدنیات پر پہلا حق مقامی لوگوں کا، برشور کاریزات اور بلوچستان کیلئے خصوصی پیکج کا اعلان، جلسے سے خطاب



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی برشور میں عوامی جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

[illegible]

## آرمی چیف و فیلڈ مارشل قوم کے قابل فخر سپوت، سرفراز بگٹی

جنرل عاصم منیر کی رہنمائی میں ملک مزید استحکام و ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

1

Page No. 6



اسلام آباد وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال سے ملاقات کررہے ہیں

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com.
Quetta Ph 081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز بدھ 21 مئی 2025ء بمطابق 23 ذیقعد 1446ھ | شمارہ نمبر 139


# لوچستان کے عوام متحد فوج مخالف اور بارود و بندوق کا نظریہ قبول نہیں کرینگے

میر سرفراز بگٹی

## فوج کیخلاف پروپیگنڈا کرنیوالے آج ناکام ہوچکے ہیں، ہم عوام کے خادم ہیں ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہیں گے، دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی

### پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کیلئے ہرقسم کی قربانی دینے کیلئے تیار ہیں، برشور میں جلسہ عام سے خطاب، سیکورٹی حکام کی جانب سے وارننگ کے باوجود بلٹ پروف شیشہ ہٹوادیا

آئی این پی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز ... ہے کہ بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں پاکستان کے لیے ہم سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے کوئی طاقت پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کرسکتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز بلوچستان کے علاقے برشور میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ بقیہ نمبر1 صفحہ 5 پر



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی برشور میں عوامی جلسہ عام سے خطاب کررہے ہیں انہوں نے سیکورٹی وارننگ کے باوجود بلٹ پروف شیشہ ہٹوادیا

پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر آج ناکام ہوچکے ہیں بارود اور بندوق کے نظریے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے خادم ہیں اور ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی انہوں نے کہا کہ کل سیکیورٹی حکام کی جانب سے مجھے خبردار کیا گیا کہ برشور میں خطرہ موجود ہے تاہم میں نے واضح کیا کہ ہم نے جو زبان اپنے لوگوں کو دی ہے ہم اس کی لاج ہرصورت رکھیں گے دنیا کی کوئی طاقت مجھے اپنے لوگوں سے دور نہیں کرسکتی میرے لیے یہ زندگی کا اہم ترین دن ہے کہ میں آپ کے درمیان موجود ہوں اور براہ راست آپ سے مخاطب ہوں۔ م وزیراعلیٰ نے کہا کہ برشور کے عوام نے آج دہشت گردوں کو ایک واضح پیغام دیا ہے کہ اگر آپ ہمارے اسکول ویران کرنا چاہتے ہیں، ہمارے جلسہ گاہوں کو سنسان دیکھنا چاہتے ہیں تو یہ غیرت مند قوم برشور کے اس میدان سے آپ کو بتا رہی ہے کہ ہم پاکستانیت سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے آج پشین اور برشور کے اس میدان سے بھارت کو بھی ایک دوٹوک پیغام گیا ہے کہ برشور، پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام مودی کی دھمکیوں سے خوف زدہ نہیں ہوں گے پاکستان کی طرف اگر کوئی میلی آنکھ سے دیکھے گا تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان کے لیے سب سے پہلے ہم اپنے سینے پیش کریں گے انہوں نے کہا کہ برشور کے عوام کی جانب سے ملنے والی محبت اور عزت میری زندگی کا سرمایہ ہے اور ان کا جذبہ مجھے ان کا مقروض بنا گیا ہے وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ برشور کا گریڈ اسٹیشن جلد فعال کیا جائے گا برشور میں کولڈ اسٹوریج قائم کیا جائے گا، اور برشور کے لیے 50 لیویز اہلکاروں کی بھرتی کی جائے گی انہوں نے بتایا کہ پشین کے 73 غیر فعال اسکولوں میں سے 72 کو فعال کردیا گیا ہے اور ڈپٹی کمشنر پشین کو ہدایت کی گئی ہے کہ 73 واں اسکول بھی میرے کوئٹہ پہنچنے سے قبل فعال کیا جائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ میں نے روز اول ہی بلوچستان اسمبلی کے فلور پر کہا تھا کہ بلوچستان کے لوگوں کی نوکری فروخت نہیں ہوگی، اور اسی وعدے کی تکمیل میں آج میرٹ پر ہر غریب کو بلاامتیاز نوکری دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ برشور میں عام انتخابات کے دوران دہشت گردی میں شہید ہونے والے افراد کے بچوں کی تعلیم کی مکمل ذمہ داری میری ہے یہ بچے انہی معیاری اداروں میں تعلیم حاصل کریں گے جہاں صاحب حیثیت افراد کے بچے زیر تعلیم ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان نے برشور، کاریزات اور بوستان کے لیے خصوصی پیکج، لیویز تھانے کو شہید حنیف کے نام سے منسوب کرنے، توبہ کاکڑی میں گرلز کالج اور اسپتال کی تعمیر، اور برشور میونسپل کمیٹی کے قیام کا بھی اعلان کیا انہوں نے کہا کہ علاقے کی تحصیل، ضلعوں اور ڈویژن سے متعلقہ متنازعہ امور باہمی مشاورت اور افہام وتفہیم سے حل کیے جائیں گے برشور تا توبہ کاکڑی سڑک اعلیٰ معیار کے مطابق تعمیر کی جائے گی جس کی نگرانی وہ خود کریں گے اور اس سڑک کے معیار پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا کوئی بھی ٹھیکیدار رقم خورد برد نہیں کرسکے گا وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ علاقے میں کسی بھی قسم کی غیر قانونی مائننگ کی اجازت نہیں دی جائے گی معدنیات پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے اور یہ حق انہیں ضرور دیا جائے گا۔

THE DAILY INTEKHAB (HUB)

روزنامہ انتخاب

www.dailyintekhab.pk

Hub Ph: 0853-363533

Karachi Ph: 021-32631089 & 32634518

جلد نمبر 37 | روز منگل 20 مئی 2025ء بمطابق 22 ذیقعدہ 1446ھ | شمارہ نمبر 138


میر سرفراز بگٹی

# کوئٹہ شہر ڈاؤن ٹاؤن قرار، ماحول دوست اور خواتین کیلئے پنک کار شیئرنگ لائی جائیں گی

## صوبائی دارالحکومت میں ٹریفک مینجمنٹ کیلئے منصوبہ انقلابی اقدامات کا فیصلہ، رکشوں کی جگہ محدود تعداد میں الیکٹرک کاریں متعارف کرائی جائیں گی

## فیڈرل پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے عوامی مفاد کے حامل اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کو اولیت دی جائے گی، وزیراعلیٰ کا الگ الگ اجلاس سے خطاب



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کوئٹہ ڈاؤن ٹاؤن پراجیکٹ سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی فیڈرل پبلک سیکٹر ڈویلپمنٹ پروگرام کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No 1

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 8

# فیلڈ مارشل کا اعزاز ملنے پر جنرل عاصم منیر کو سرفراز بگٹی کی مبارکباد

## یہ اعزاز سپہ سالار کی بے مثال عسکری قیادت اور ملک و قوم اور ملک کیلئے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں اس تاریخی بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

اعزاز کے لیے قوم کا قابل فخر سپوت قرار دیا ہے اپنے تہنیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے نہ صرف پاک فوج کی پیشہ ورانہ قیادت کو نئی جہت دی بلکہ ملک کے دفاع، امن وامان اور قومی یکجہتی کے فروغ میں ان کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جو حکمت عملی اپنائی گئی وہ دوراندیشی بصیرت اور قومی مفاد کے جذبے سے عبارت ہے فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کی بے مثال عسکری قیادت اور ملک وقوم کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی امن اور استحکام کے لیے بھی پاک فوج کا کردار قابل تحسین رہا ہے اور اس میں جنرل عاصم منیر کی ذاتی دلچسپی اور رہنمائی اہم کردار کی حامل رہی ہے۔

# وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی گورنمنٹ پرائمری اسکول برشور پشین کے دورے پر پہنچ گئے

## دورے کے موقع پر اسکول کے تدریسی عمل انتظامی معاملات اور دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا

برشور، پشین (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سابق وزیراعظم پاکستان انوارالحق کاکڑ کے ہمراہ منگل کے روز گورنمنٹ پرائمری اسکول برشور پشین کا دورہ کیا اس موقع پر وزیراعلیٰ نے اسکول کے تدریسی عمل، انتظامی معاملات اور دستیاب سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا وزیراعلیٰ نے اسکول بقیہ نمبر 45 صفحہ 5 پر

انتظامیہ سے ملاقات کے دوران اعلان کیا کہ اسکول اساتذہ کے لیے ایک بس جبکہ طالب علموں کے لیے کوسٹر فراہم کی جائے گی تاکہ بچوں اور عملے کو آمدورفت کی بہتر سہولت حاصل ہو انہوں نے متعلقہ حکام کو ہدایت دی کہ ایک ہفتے کے اندر اسکول کو فرنیچر کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ تدریسی عمل متاثر نہ ہو وزیراعلیٰ نے کمشنر اور ڈپٹی کمشنر پشین کو حکم دیا کہ آئندہ دس روز کے اندر اسکول کو درپیش تمام مسائل کا حل نکالا جائے اور اس حوالے سے رپورٹ پیش کی جائے۔ انہوں نے زور دیا کہ تعلیمی اداروں کی بہتری کے لیے فرنیچر، ٹرانسپورٹ اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ازحد ضروری ہے اور اس عمل میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

CamScanner

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | بدھ 21 مئی 2025ء بمطابق 23 ذوالقعدہ 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 138

# بندوق کا نظریہ کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا

میر سرفراز بگٹی

## کسی قسم کی غیر قانونی مائننگ کی اجازت نہیں دی جائے گی

### پاکستانی قوم پاک فوج کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے بھارت کی ہر چال کو ناکام بنادینگے، دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی

### معدنیات پر پہلا حق مقامی لوگوں کا ہے وزیراعلیٰ بلوچستان کا برشور میں جلسہ عام سے خطاب، علاقے سے 50 لیویز اہلکاروں کی بھرتی گرلز کالج ہسپتال کی تعمیر برشور میونسپل کمیٹی قائم کرنے کا اعلان

برشور (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی

عاصم منیر نے کہا کہ صدر پاکستان، وزیراعظم اور کابینہ کے اعتماد کا شکر گزار ہوں۔ یہ اعزاز قوم کی امانت ہے جس کو نبھانے کے لیے لاکھوں عاصم بھی قربان۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کہا کہ یہ انفرادی نہیں بلکہ افواج پاکستان اور پوری قوم کے لئے اعزاز ہے۔ فیلڈ مارشل عاصم منیر نے قوم کا شکریہ ادا کیا

## فیلڈ مارشل کا اعزاز جنرل عاصم منیر کے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے، وزیراعلیٰ

### ملک کے دفاع، امن و امان اور قومی یکجہتی کے فروغ میں ان کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں اس تاریخی اعزاز کے لیے قوم کا قابل فخر سپوت قرار دیا ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے نہ صرف پاک فوج کی پیشہ ورانہ قیادت کو نئی جہت دی بلکہ ملک کے دفاع، امن و امان اور قومی یکجہتی کے فروغ میں ان کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جو حکمت عملی اپنائی گئی وہ دوراندیشی بصیرت اور قومی مفاد کے جذبے سے عبارت ہے فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کی بے مثال عسکری قیادت اور ملک و قوم کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی امن اور استحکام کے لیے بھی پاک فوج کا کردار قابل تحسین رہا ہے اور اس میں جنرل عاصم منیر کی ذاتی دلچسپی اور رہنمائی اہم کردار کی حامل رہی ہے وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ جنرل عاصم منیر کی رہنمائی میں پاکستان مزید استحکام، ترقی اور سلامتی کی راہ پر گامزن ہوگا وزیراعلیٰ نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے لیے نیک تمناؤں اور دعا کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کی قیادت پر فخر کرتی ہے اور ان کی قیادت میں ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے۔



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی تا زک برشور تا توبہ کاکڑی بلیک ٹاپ سڑک کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی برشور میں عوامی جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bulletin 1

Page No. 10

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر 24 | بدھ 21 مئی 2025ء بمطابق 23 ذیقعد 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 138

# ہم پاکستان کیلئے سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے، کوئی طاقت ملک کا بال بھی بیکا نہیں کرسکتی

[illegible]



نوشکی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی جلسہ عام سے خطاب کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 11

روزنامہ میزان کوئٹہ

بانی: مولانا عبدالرحیم

جیف ایڈیٹر: برکت علی

جلد 76 | بدھ 21 مئی 2025ء، 23 ذی القعد 1446ھ | قیمت 20 روپے | شمارہ 256

# ہندوستان پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، میر سرفراز بگٹی

پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے ہندوستان کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں پاکستان کے لیے ہم سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے

کوئی طاقت پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان کا برشور میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب

برشور (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار (بقیہ 2 صفحہ 2 پر) ہیں پاکستان کے لیے ہم سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے کوئی طاقت پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز بلوچستان کے علاقے برشور میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر آج ناکام ہو چکے ہیں بارود اور بندوق کے نظریے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے خادم ہیں اور ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی انہوں نے کہا کہ کل سیکیورٹی حکام کی جانب سے مجھے خبردار کیا گیا کہ برشور میں خطرہ موجود ہے تاہم میں نے واضح کیا کہ ہم نے جو زبان اپنے لوگوں کو دی ہے ہم اس کی لاج ہر صورت رکھیں گے دنیا کی کوئی طاقت مجھے اپنے لوگوں سے دور نہیں کر سکتی میرے لیے یہ زندگی کا اہم ترین دن ہے کہ میں آپ کے درمیان موجود ہوں اور براہ راست آپ سے مخاطب ہوں۔ م وزیر اعلیٰ نے کہا کہ برشور کے عوام نے آج دہشت گردوں کو ایک واضح پیغام دیا ہے کہ اگر آپ ہمارے اسکول ویران کرنا چاہتے ہیں،



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی بارگ، برشور توبہ کاکڑی لنک اپ سڑک کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں، سابق وزیراعظم انوارالحق کاکڑ صوبائی وزراء و اراکین اسمبلی بھی موجود ہیں



برشور: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی عوامی جلسہ عام میں ہاتھ لہرا کر عوام کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIREC
GENERA
RELATIONS
نظامت اعلیٰ ت
حکومت ب
Bullet No 1
Page No. 12

DAILY ZAMANA
روزنامہ
زمانہ
کوئٹہ
بانی: سید فصیح اقبال
چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین
جلد 80 | بدھ 21 مئی 2025ء، 23 ذیقعد 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 139

بھارتی سازشیں ناکام ہوں گی


# بارود اور بندوق کے نظریہ کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائیگا

وزیراعلیٰ بلوچستان

## پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں

### فیلڈ مارشل کا اعزاز جنرل عاصم منیر کی بے مثال عسکری قیادت اور ملک و قوم کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے، سرفراز بگٹی

برشور، کوئٹہ (این این آئی، یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں پاکستان کے لیے ہم سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے کوئی طاقت پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز بلوچستان کے علاقے برشور میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر آج ناکام ہو چکے ہیں بارود اور بندوق کے نظریے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے خادم ہیں اور ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی انہوں نے کہا کہ کل سیکیورٹی حکام کی جانب سے مجھے خبردار کیا گیا کہ برشور میں خطرہ موجود ہے تاہم میں نے واضح کیا کہ ہم نے جو زبان اپنے لوگوں کو دی ہے ہم اس کی لاج ہر صورت رکھیں گے دنیا کی کوئی طاقت مجھے اپنے لوگوں سے دور نہیں کر سکتی میرے لیے یہ زندگی کا اہم ترین دن ہے کہ میں آپ کے درمیان موجود ہوں اور براہ راست آپ سے مخاطب ہوں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ برشور کے عوام نے آج دہشت گردوں کو ایک واضح پیغام دیا ہے کہ اگر آپ ہمارے اسکول ویران کرنا چاہتے ہیں، ہمارے جلسہ گاہوں کو سنسان دیکھنا چاہتے ہیں تو یہ غیرت مند قوم برشور کے اس میدان سے آپ کو بتا رہی ہے کہ ہم پاکستانیت سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے آج پشین اور برشور کے اس میدان سے بھارت کو بھی ایک دوٹوک پیغام گیا ہے کہ برشور، پشین، بلوچستان اور پاکستان کے عوام مودی کی دھمکیوں سے خوفزدہ نہیں ہوں گے پاکستان کی طرف اگر کوئی میلی آنکھ سے دیکھے گا تو وہ آنکھ نکال دی جائے گی پاکستان کے لیے سب سے پہلے ہم اپنے سینے پیش کریں گے انہوں نے کہا کہ برشور کے عوام کی جانب سے ملنے والی محبت اور عزت میری زندگی کا سرمایہ ہے اور ان کا جذبہ مجھے ان کا مقروض بنا گیا ہے وزیراعلیٰ نے اعلان کیا کہ برشور کا گرڈ اسٹیشن جلد فعال کیا جائے گا برشور میں کوئٹہ اسپورٹس قائم کیا جائے گا۔ اور برشور کے لیے 50 لیویز اہلکاروں کی بھرتی کی جائے گی۔



برشور، وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی عوامی جلسہ عام میں ہاتھ لہرا کر عوام کے نعروں کا جواب دے رہے ہیں



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی تحصیل برشور تا کوژک ٹاپ سڑک کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں سابق وزیراعظم انوارالحق کاکڑ، صوبائی وزراء اور اراکین اسمبلی بھی موجود ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ

1

13

Daily BALOCHISTAN NEWS QUETTA

روزنامہ بلوچستان نیوز کوئٹہ

چیف ایڈیٹر محمد انور ناصر

جلد 28 | بدھ 21 مئی 2025ء | 23 ذیقعد | 1446ھ | قیمت 10 روپے | FaX:2839867 Ph :2839851 | MEMBER OF APNS | رجسٹرڈ ایل بی سی-10 | شمارہ 94



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی بر شور تا توبہ کاکڑی بلیک ٹاپ سڑک کے منصوبے کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں

# بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا، سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے

میر سرفراز بگٹی

پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں

بارود اور بندوق کے نظریے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا، عوام مودی کی دھمکیوں سے خوف زدہ نہیں ہوں گے، وزیراعلیٰ کا برشور میں جلسہ سے خطاب، خصوصی پیکج، گرلز کالج، اسپتال، میونسپل کمیٹی کے قیام کا اعلان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بھارت پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتا پاکستانی قوم سیسہ پلائی دیوار کی مانند ہے بھارت کی ہر سازش اور چال کو ناکامی کا سامنا کرنا پڑے گا ہم پاکستان کی سلامتی، خودمختاری اور یکجہتی کے لیے ہر قسم کی قربانی دینے کو تیار ہیں پاکستان کے لیے ہم سب سے پہلے اپنے سینے پیش کریں گے کوئی طاقت پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتی ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز بلوچستان کے علاقے برشور میں ایک بڑے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کیا وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ پاکستانی قوم اپنے سپہ سالار اور پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے بلاشبہ بلوچستان اور پاکستان کے عوام پاک فوج کے ساتھ ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے پاک فوج کے خلاف پروپیگنڈا کرنے والوں کو شدید تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ایسے عناصر آج ناکام ہو چکے ہیں بارود اور بندوق کے نظریے کو کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا کہ ہم عوام کے خادم ہیں اور ہمیشہ عوام کے درمیان موجود رہیں گے دنیا کی کوئی طاقت ہمیں عوام کی خدمت سے نہیں روک سکتی انہوں نے کہا کہ کل سیکیورٹی اداروں کی جانب سے مجھے خبردار کیا گیا کہ برشور میں خطرہ موجود ہے تاہم میں نے واضح کیا کہ ہم نے جو زبان اپنے لوگوں کو دی ہے ہم اس کی لاج ہر صورت رکھیں گے دنیا کی کوئی طاقت مجھے اپنے لوگوں سے دور نہیں کر سکتی میرے لیے یہ زندگی کا اہم ترین دن ہے کہ میں آپ کے درمیان موجود ہوں اور براہ راست آپ سے مخاطب ہوں وزیراعلیٰ نے کہا کہ برشور کے عوام نے آج دہشت گردوں کو ایک واضح پیغام دیا ہے کہ اگر آپ ہمارے اسکول ویران کرنا چاہتے ہیں، ہمارے جلسے کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں تو یہ غیرت مند قوم برشور کے اس میدان سے آپ کو بتا رہی ہے کہ ہم پاکستانیت سے ایک انچ بھی پیچھے نہیں ہٹیں گے آج یہیں اور برشور کے اس میدان سے بھارت کو بھی ایک واضح پیغام گیا ہے کہ برشور، بلوچستان اور پاکستان کے عوام مودی کی دھمکیوں سے خوف زدہ نہیں ہوں گے پاکستان کی طرف [illegible] انگلی اٹھی تو وہ انگلی کاٹ دی جائے گی پاکستان کے لیے سب سے پہلے ہم اپنے سینے پیش کریں گے


## آرمی چیف کیلئے فیلڈ مارشل کا اعزاز خدمات کا اعتراف ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان

جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جو حکمت عملی اپنائی گئی وہ دوراندیشی، بصیرت اور قومی مفاد کے جذبے سے عبارت ہے

بلوچستان کی ترقی، امن اور استحکام کے لیے بھی پاک فوج کا کردار قابل تحسین رہا اس میں جنرل عاصم منیر کی ذاتی دلچسپی اور رہنمائی اہم کردار کی حامل رہی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر کو فیلڈ مارشل کے اعزاز سے نوازے جانے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے انہیں اس تاریخی اعزاز کے لیے قوم کا قابل فخر سپوت قرار دیا ہے۔ اپنے تہنیتی بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ جنرل عاصم منیر نے نہ صرف پاک فوج کی پیشہ ورانہ قیادت کو نئی جہت دی بلکہ ملک کے دفاع، امن و امان اور قومی یکجہتی کے فروغ میں ان کی خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ جنرل عاصم منیر کی قیادت میں ملک کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کے لیے جو حکمت عملی اپنائی گئی وہ دوراندیشی، بصیرت اور قومی مفاد کے جذبے سے عبارت ہے فیلڈ مارشل کا اعزاز ان کی بے مثال عسکری قیادت اور ملک و قوم کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعتراف ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی ترقی، امن اور استحکام کے لیے بھی پاک فوج کا کردار قابل تحسین رہا ہے اور اس میں جنرل عاصم منیر کی ذاتی دلچسپی اور رہنمائی اہم کردار کی حامل رہی ہے وزیراعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ جنرل عاصم منیر کی رہنمائی میں پاکستان مزید استحکام، ترقی اور سلامتی کی راہ پر گامزن ہوگا وزیراعلیٰ نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کے لیے نیک تمناؤں اور دعا کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم ان کی قیادت پر فخر کرتی ہے اور ان کی قیادت میں ملک محفوظ ہاتھوں میں ہے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی برشور میں عوامی جلسے سے خطاب کررہے ہیں

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan Times
14
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1105 QUETTA Wednesday May 21, 2025 /Dhu'l-Qi'dah 23, 1446

# Every Indian conspiracy will fail, ready to render any sacrifice for Pakistan: Bugti

**Staff Report**

**BARSHORE:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has declared that India cannot harm Pakistan, stating, "The Pakistani nation stands united like a bulwark. Every conspiracy and trick of India will face failure. We are ready to make every sacrifice for the security, sovereignty, and unity of Pakistan. We will be the first to lay down our lives for Pakistan. No power can touch even a hair of Pakistan."

Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti has extended heartfelt congratulations to Chief of Army Staff General Asim Munir on being conferred the honor of Field Marshal, praising him as a proud son of the nation for this historic honor.

He expressed these views while addressing a large public meeting in the Barshore area of Balochistan on Tuesday. The Chief Minister of Balochistan said that the Pakistani nation stands by its military leadership and the Pakistan Army. The people of Pishin, Balochistan, and Pakistan are with the Pakistan Army. Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, while severely criticizing those who spread propaganda against the Pakistan Army, stated that such elements have failed. He asserted, "The ideology of gunpowder and guns will not be accepted under any circumstances."

He said, "We are the servants of the people and will always be present among the people. No power in the world can stop us from serving the people." He added, "Yesterday I was warned by the security authorities that there is a threat in Barshore; however, I made it clear that we will uphold the promises we have made to our people at all costs. No power in the world can keep me away from my people. For me, this is the most important day of my life that I am present among you and addressing you directly."

The Chief Minister said, "The people of Barshore have given a clear message to the terrorists today that if you aim to destroy our schools and wish to see our meeting places deserted, then this proud nation declares from this field in Barshore that we will not retreat an inch from our commitment to Pakistan.

A clear message has also been sent to India from this field of Pishin and Barshore that the people of Barshore, Pishin, Balochistan, and Pakistan will not be afraid of Modi's threats. If anyone looks at Pakistan with a dirty eye, that eye will be gouged out. We will first offer our chests for Pakistan." He said that the love and respect received from the people of Barshor are the treasures of my life, and their passion has deeply indebted me. The Chief Minister announced that the Barshor grid station will be activated soon, a cold storage facility will be established in Barshore, and 50 Levies personnel will be recruited for Barshore. He said that 72 out of 73 inactive schools in Pishin have been activated, and the Deputy Commissioner of Pishin has been instructed to activate the 73rd school before he reaches Quetta. Mir Sarfaraz Bugti said, "I had said on the floor of the Balochistan Assembly on the very first day that the jobs of the people of Balochistan will not be sold, and in fulfillment of this promise, today every deserving individual is selected on merit."

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 1

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 15



BARSHORE: Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti addressing a public gathering on Tuesday.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 16

## سنجیدہ اقدامات' 28 سو سے زائد اسکول فعال ہو چکے' چیف سیکرٹری

**شعبہ تعلیم کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا رہا ہے' شکیل قادر خان کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے بہترین اقدامات اٹھا رہی ہے اور شعبہ تعلیم کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا رہا ہے تاکہ تعلیمی اداروں کی ضروریات پوری ہوں اور اساتذہ و طلبہ کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم میں ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا چیف سیکرٹری نے کہا کہ سکولز میں بنیادی سہولیات کی فراہمی جس میں کلاس روم، واش رومز، چار دیواری اور بجلی ہے کی بحالی، سائنس لیبارٹریز اور لائبریریوں کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش جاری ہیں تاکہ طلباء کو جدید تعلیم کے مواقع میسر آ سکیں محکمہ تعلیم میں میرٹ کی بنیادوں پر 11 ہزار اساتذہ کی بھرتی کے گئے صوبائی حکومت کے سنجیدہ اقدامات کی بدولت صوبے میں 2800 سے زائد سکول فعال ہو چکے ہیں ان اقدامات کا مقصد تعلیم کے معیار کو بہتر کرنا، تعلیم تک رسائی کو آسان بنانا اور نوجوانوں کو جدید دور کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار کرنا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## معیاری تعلیم کا فروغ اولین ترجیح ہے، چیف سیکرٹری

**میرٹ کی بنیادوں پر 11 ہزار اساتذہ بھرتی کئے گئے، شکیل قادر خان**

کوئٹہ (آن لائن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے بہترین اقدامات اٹھا رہی ہے اور شعبہ تعلیم کے بجٹ میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا رہا ہے تاکہ تعلیمی اداروں کی ...... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7

ضروریات پوری ہوں اور اساتذہ و طلبہ کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ تعلیم میں ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ چیف سیکرٹری نے کہا کہ سکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی جس میں کلاس روم، واش رومز، چار دیواری و بجلی کی بحالی اور سائنس لیبارٹریز اور لائبریریوں کی فراہمی کے لئے ہر ممکن کوششیں جاری ہیں تاکہ طلباء کو جدید تعلیم کے مواقع میسر آ سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 21 MAY 2025 Page No. 18

MASHRIQ QUE....


## ڈی ایم جمالی: پرانی دشمنی کی بنا پر فائرنگ سے 2 بھائی جاں بحق

**مسلح افراد نے منگولی کی حدود میں مشتاق احمد اور امتیاز احمد کو نشانہ بنایا، ملزمان فرار ہو گئے**

ڈی ایم جمالی (نامہ نگار) ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو سگے بھائیوں کو قتل کر دیا، ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ پولیس نے ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے حوالے کر دیں۔ پولیس کے مطابق تھانہ منگولی کی حدود میں پرانی دشمنی کی بنا پر مسلح افراد نے فائرنگ کر کے دو سگے بھائی مشتاق احمد اور امتیاز احمد کو قتل کر دیا۔ واقعے کے بعد پولیس نے علاقے کی ناکہ بندی کر دی۔ ایک ہی گھر سے دو بھائیوں کی جنازے اٹھنے پر ہر آنکھ اشکبار تھی۔

## حب سے دو لاشیں برآمد

کوئٹہ (آن لائن) ساکران کے علاقے میں جھاڑیوں سے کئی روز پرانی لاش برآمد ہوئی ہے دریں اثناء حب چوکی گڈانی اسٹاپ کے قریب نالے سے بھی لاش برآمد ہوئی جس کی شناخت امجد کے نام سے ہوئی۔

## واشک، فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق، چور زخمی

**لعل محمد نے چور کا تعاقب کیا تو اس نے فائرنگ کر دی جس سے وہ موقع پر جاں بحق ہو گئے**

واشک (نامہ خصوصی) بلوچستان کے ضلع واشک کے علاقے سورگز میں فائرنگ کے تبادلے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق واقعہ اس وقت پیش آیا جب نامعلوم شخص لعل محمد کلاکوئی کا سولر سسٹم چوری کرنے کی کوشش کی .........

بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

لعل محمد نے چور کا تعاقب کیا جس دوران دونوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا فائرنگ کے نتیجے میں لعل محمد کلاکوئی موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے جبکہ مبینہ چور شدید زخمی ہوا ذرائع کا کہنا ہے کہ زخمی چور غیر مقامی ہے تاہم ابھی تک اس کی شناخت نہیں ہو سکی واقعہ کے بعد جاں بحق شخص کی لاش کو ضابطے کی کارروائی کے لئے قریبی ہسپتال منتقل جہاں ضروری مراحل مکمل ہونے کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی لیویز واقعہ کی مزید تفتیش کر رہی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No 5 Dated: 21 MAY 2025 Page No 20

# کوئٹہ چمن شاہراہ جبل نور کے مقام تباہ حالی کا شکار، دھول مٹی سے شہری پریشان

**گرد و غبار سے الرجی، سکن الرجی، گلے کی خراش، آنکھوں کی بیماریاں، علاقہ مکینوں کی مشکلات بڑھ گئیں، ارسلان خان کاکڑ، نقیب اللہ**

**شاہراہ پر چند فاصلے کے بعد پے در پے گڑھوں اور چھوٹے بڑے گاڑیوں کیلئے حادثات کا سبب بن رہے ہیں، عطاء اللہ کاکڑ، خیر اللہ ہوتک**

**وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اور این ایچ اے حکام اس اہم مسئلے پر فوری نوٹس لیں، عنایت اللہ کاکڑ اور دیگر کی بات چیت**

کوئٹہ (ای پی آر) کوئٹہ چمن شاہراہ جگہ جگہ ٹوٹ پھوٹ کا شکار، خصوصاً جبل نور کے مقام پر عرصہ دراز سے خستہ حال ہونے کی وجہ سے دھول مٹی سے شہری، مسافر، خصوصاً وہاں موجود مکین کو مختلف مسائل، مشکلات اور دھول مٹی سے پیش آنے والی بیماریاں مثلاً الرجی، سکن الرجی، گلے کی خراش، آنکھوں کی بیماریاں شامل ہیں۔ مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے مسافروں، وہاں کے مکین اور تاجروں ارسلان خان کاکڑ، نقیب اللہ، ولی، عطاء اللہ کاکڑ، خیر اللہ ہوتک، عنایت اللہ کاکڑ اور دیگر نے بتایا ہے کہ عرصہ دراز سے کوئٹہ چمن شاہراہ [illegible] ایک جانب تو صحیح طرح [illegible] نہیں ہے، چھوٹی سڑکوں میں بھی جگہ جگہ گڑھے [illegible]



چھوٹی چھوٹی گڑھوں میں [illegible] دوسری جانب میں شاہراہ کو جگہ جگہ [illegible] کام کے سلسلے میں بند کیا گیا جس سے ٹریفک والی صورت [illegible] دیگر مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ شاہراہ پر کام بند ہونے کی وجہ سے یہاں کے مکین، تاجر، دکانداران خصوصاً [illegible] افراد جو پیدل، موٹر سائیکل، رکشوں اور گاڑیوں میں [illegible]



[illegible] وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور این ایچ اے حکام سے مکین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر نوٹس لینے کی اپیل کی گئی ہے۔

INTEKHAB QUETTA

# چاغی شہر میں پانی کی شدید قلت، شہری پریشانی سے دوچار

چاغی (نامہ نگار) شدید گرمی میں چاغی شہر میں پانی کی شدید قلت پیدا ہو چکی ہیں شہریوں کو سخت پریشانی کا سامنا رقبے کے لحاظ سے بلوچستان کے سب سے بڑے ضلع کے عوام پانی کی قلت کے وجہ سخت پریشانی میں مبتلا ہیں چاغی شہر میں پانی کے مسئلہ شدت اختیار کر گیا ہے۔ شادی شیف میں پانی کے پروجیکٹ کو جلد مکمل کیا جائیں۔ سالانہ بارشیں کم ہونے کے وجہ سے تحصیل چاغی شہر اور گرد و نواح کے علاقوں میں پانی کی سطح نیچے گر گئی ہے تو اکثر پرائیوٹ بورنگ خشک ہو گئے ہیں جس کے باعث شہریوں کو سخت مشکلات کا سامنا ہے۔ ہر گزرتے دن کے ساتھ چاغی میں پانی کا مسئلہ سنگین ہوتا جا رہا ہے جس کے باعث شدید گرمی میں بچے بوڑھے عورتیں ہاتھوں میں گیلن لیے پانی کی تلاش میں سرگرداں نظر آتے ہیں۔ چاغی کے علاقوں کلی سردار علی احمد خان سنجرانی، کلی شاہ محمود خان سنجرانی، کلی پیر محمد درانی، کلی حاجی علی اکبر دربکازی، کلی صوبیدار محمد افضل ساسولی، سمیت دیگر علاقوں میں پانی کے کئی پرائیوٹ بورنگ خشک ہو گئے ہیں جس کے باعث شہری سخت اذیت میں مبتلا ہیں شہریوں نے چاغی کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ چاغی کے عوام بہت زیادہ پریشانی اور مشکلات کا شکار ہیں مگر حکومت اس مسئلے پر کوئی توجہ نہیں دے رہی ہیں علاقہ مکینوں کا کہنا تھا کہ شہر میں پانی کا مسئلہ شدت اختیار کرتا جا رہا ہے، چاغی شادی شیف میں پروجیکٹ کو جلد مکمل کیا جائیں تاکہ چاغی کے عوام کو شدید گرمی پانی مل سکیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: QUDRAT QUETTA

Bullet No 6

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 21


## کوئٹہ میں رکشوں کی بجائے الیکٹرک کاریں متعارف کرائی جائیں گی

[illegible]

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6 Date 21 MAY 2025 Page No. 2

# بلوچستان کی خوشحالی کیلئے ترقی ناگزیر ہے!

گزشتہ روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے ضلع پشین کے صنعتی علاقے بوستان کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ان کو بلوچستان اکنامک سرمایہ کاری کے تحت جاری اور آئندہ متوقع منصوبوں پر بریفنگ دی گئی۔ انہوں نے بریفنگ سے خطاب کرتے ہوئے واضح کیا کہ بلوچستان کی خوشحالی کیلئے صنعتی ترقی ناگزیر ہے۔ بلوچستان کی ترقی سرمایہ کاری اور صنعت سے وابستہ ہے اور ہم تمام اداروں کو اس سلسلے میں مکمل تعاون فراہم کریں گے۔ اس موقع پر بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال کاکڑ نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں سرمایہ کاری کی بے پناہ پوٹینشل ہے خصوصاً معدنیات، زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبے میں۔ ہم مقامی و غیر مقامی سرمایہ کاروں کو سہولیات فراہم کرکے اس خطے میں ایک معاشی مرکز میں تبدیل کرنے کے لیے کوشاں ہیں۔

ہم سمجھتے ہیں کہ بلوچستان کی خوشحالی کے لیے صنعتی ترقی ناگزیر ہونے کے حوالے سے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل کا مذکورہ بیان قابل تعریف ہے کیونکہ بلوچستان میں صنعتوں کا ہونا ضروری ہے جو کہ نہ ہونے کے برابر ہیں اس طرح بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کا بھی مذکورہ بیان حوصلہ افزا ہے۔

رقبے کے لحاظ سے ملک کے سب سے بڑے صوبے بلوچستان میں صنعتیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ جس کے باعث یہاں بے روزگاری بھی بہت زیادہ ہے کیونکہ نوجوانوں کی نوکریوں کا دارومدار صرف سرکاری ملازمتوں پر ہے جو کہ ان کو آسانی سے نہیں ملتیں۔ صوبے کے اکثر محکموں میں خالی آسامیوں کے باوجود نامعلوم وجوہات کی بناء پر وہاں بھرتیاں نہیں ہورہیں۔ جس سے صوبے کے نوجوانوں میں احساس کمتری پیدا ہورہا ہے کیونکہ ان کو تعلیم حاصل کرنے کے باوجود روزگار نہیں مل رہا وہ مختلف سرکاری محکموں میں درخواستیں دے کر تھک گئے ہیں کیونکہ یہ درخواستیں بھی مختلف مراحل سے گزرتی ہیں۔ ان میں اکثر محکموں کی درخواستوں کے ساتھ پوسٹل کارڈ بھی لگانے کی ہدایات ہوتی ہیں اس پر بے روزگار نوجوانوں کا بڑا پیسہ ضائع ہوجاتا ہے جبکہ ان میں اکثر درخواستیں بےکار میں چلی جاتی ہیں کبھی ان پر انٹرویو اور کبھی ٹیسٹ نہیں ہوتے اور اگر بعض دفعہ ہوتے بھی ہیں تو بعد ازاں یہ آسامیاں منسوخ کردی جاتی ہیں۔ اس طرح نوجوانوں کا وقت ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ مالی نقصان بھی ہوتا ہے۔ حکومت کو یہ طریقہ بدلنا چاہیے کیونکہ یہ ٹھیک نہیں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No 6

Dated 21 [illegible] 2023 Page No 3

# کوئٹہ شہر میں ٹریفک کی روانی کیلئے جدید ٹرانسپورٹ اور ٹریفک انتظام، وقت کی اشد ضرورت!

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویلپمنٹ پروجیکٹ کے جائزہ اجلاس میں مرکزی شہر کو ڈاؤن ٹاؤن ڈکلیئر کرنے کا فیصلہ کرلیا گیا ہے۔ کوئٹہ کا وسطی علاقہ ڈاؤن ٹاؤن قرار دیا گیا ہے، یہ فیصلہ ٹریفک کو منظم کرنے کے لیے کیا گیا ہے، ڈاؤن ٹاؤن میں رکشوں کی بجائے محدود تعداد میں الیکٹرک کاریں چلائی جائیں گی۔ خواتین کے لیے خصوصی پنک کاریں بھی شامل ہوں گی۔ دارالحکومت کوئٹہ میں ٹریفک مینجمنٹ کے لیے اہم فیصلے کیے گئے ہیں۔ کوئٹہ شہر میں ٹریفک کا مسئلہ دیرینہ ہے، ٹریفک کے دباؤ کی وجہ سے کوئٹہ شہر کی آبادی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے۔ ٹریفک جام نے شہریوں کیلئے بے تحاشہ مسائل پیدا کیے ہیں۔ شہر میں لاکھوں موٹر سائیکلیں، ہزاروں غیر قانونی رکشے چل رہے ہیں، مال برداری کیلئے بڑی گاڑیاں اور لوڈرز جبکہ بڑی تعداد میں غیر قانونی اسمگل شدہ کابلی گاڑیاں بھی چل رہی ہیں جن کی وجہ سے ٹریفک کا دباؤ بہت زیادہ ہے منٹوں کا سفر گھنٹوں میں طے ہوتا ہے۔ شہر کے وسطی علاقوں میں بغیر کسی منصوبہ بندی کے بڑے بڑے پلازے تعمیر کیے گئے ہیں جہاں پارکنگ کا کوئی انتظام موجود نہیں، شہری گاڑیوں کو سڑکوں پر پارک کرتے ہیں، اس وجہ سے بھی ٹریفک کا دباؤ بہت زیادہ رہتا ہے۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے کوئٹہ کے وسطی علاقے کو ڈاؤن ٹاؤن قرار دیا گیا ہے تاکہ ٹریفک کے مسائل پر قابو پایا جاسکے۔ بہرحال ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کیلئے ٹرانسپورٹ انتظام کو جدید بنیادوں پر استوار کرنے کی ضرورت ہے، شہر میں غیر قانونی گاڑیوں، غیر قانونی پارکنگ، اہم تجارتی مراکز پر فٹ پاتھ پر تجاوزات اور گاڑیوں کی پارکنگ کے خلاف سخت اقدامات اٹھائے جائیں جبکہ معیاری ٹرانسپورٹ جس میں بس سروس، اندرون شہر ٹرین چلائے جائیں۔ پل، انڈر پاسز، لنک سڑکیں تعمیر کی جائیں۔ ایک میگا منصوبہ ٹرانسپورٹ اور ٹریفک انتظام کیلئے پلان کیا جائے اس سے ٹریفک کے دباؤ میں خاطر خواہ کمی آئے گی۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 24


# یوم ثقافت، پاکستانی عوام کی دنیا بھر میں پذیرائی

بلوچستان میں گزشتہ روز یوم ثقافت منایا گیا، جس کے تحت مختلف تقریبات کا انعقاد کیا گیا، عوام اور رہنماؤں نے اس حوالے سے ایک دوسرے کی ثقافت کی تعریف کی اور اپنی ثقافت بھی اجاگر کی جس سے باہمی ہم آہنگی کو فروغ ملا۔ پاکستان بے شمار ثقافتوں کا ایک انتہائی دلفریب گلدستہ ہے، کشمیر، خیبر پختونخوا، کوئٹہ سے لیکر کراچی تک سیکڑوں قبائل اور درجنوں قومیں آباد ہیں، جن میں بلوچ، مہاجر، سندھی، پنجابی، پختون، ہزارہ اور سرائیکی قومیں نمایاں ہیں، باقی علاقائی قبائل اس کے علاوہ ہیں جن کی اہمیت سے کوئی انکار نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستان اس حوالے سے قدرت کی جانب سے دیے گئے تحفوں میں سے ایک الگ منفرد مقام رکھتا ہے، کیونکہ اتنی ساری قومیں اور قبائل بیشتر ممالک میں نہیں ہیں، وہاں ایک، دو یا تین قومیں ہی آباد ہیں۔ اس ملک پر اللہ تعالیٰ کا ہر لحاظ سے خاص کرم اور رحمت ہے۔ تاہم کچھ حقائق عوام کو اس طرح نے معلوم جس طرح معلوم ہونے چاہئیں۔

بین الاقوامی تنظیموں نے مل کر ثقافت کے حوالے سے مختلف تحقیق کی ہیں، جن سے معلوم ہوا کہ جو انسان یا فرد اپنی ثقافت سے محبت کرتا ہے وہی انسان دراصل محب وطن بھی زیادہ ہوتا ہے، وہ دوسروں سے محبت بھی زیادہ کرتا ہے اور اس میں انسانیت کا جذبہ بھی پایا جاتا ہے، اور جو شخص اپنی ثقافت اور تہذیب کو کمتر سمجھتا ہے اور دوسروں کی ثقافت کی نقل کرنے کی کوشش کرتا ہے وہ دراصل نہ تو ایک اچھا انسان ہوتا ہے اور نہ ہی اس میں حب الوطنی اور محبت کا جذبہ ایک ثقافت سے محبت کرنے والی کی طرح پایا جاتا ہے۔ اس تحقیق سے معلوم ہوا کہ جو لوگ بیرون ملک اور اپنے شہروں سے دور بھی اپنی ثقافت اپنائے رہتے ہیں وہ زیادہ اچھے انسان اور دوسروں کا فائدہ کرنے والے ہوتے ہیں، اور جو شخص کسی دوسری جگہ جاکر یا اپنے ہی علاقے میں بھی دیگر اقوام کی تہذیب اپناتا ہے وہ دراصل ایک خود غرض انسان ہوتا ہے۔

پاکستان میں بیشتر کاروباری حضرات، اساتذہ اور سیاستدان مغربی ثقافت سے زیادہ مرعوب نظر آتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ان کے لباس سے لے کر ان کی زبان تک مغربی ثقافت کے زیر اثر نظر آتی ہے۔ جس کا خمیازہ آج قوم بھگت رہی ہے، پاکستان کے بہت کم وزیراعظم ایسے رہے جن میں پاکستانی ثقافت نظر آتی تھی، ورنہ پاکستانی وزرا اور وزرائے اعظم کا بود و باش دیکھیں یا کسی بین الاقوامی وزرائے اعظم یا وزرا کے گروہ کی تصاویر دیکھیں تو اس میں پاکستانی وزیراعظم یا وزیر کو ڈھونڈنا مشکل ہو جاتا ہے۔ بلوچستان سے تعلق رکھنے والے میر ظفر اللہ جمالی ایک ایسے وزیراعظم تھے جنہوں نے ہمیشہ پاکستانی ثقافت کو مدنظر رکھتے ہوئے لباس زیب تن کیا، اسی طرح چند اور وزرائے اعظم ایسے ہیں جنہوں نے مغرب میں بھی پاکستانی لباس ہی زیب تن کیا، جبکہ باقی اکثریت ان کی ہی جو مغربی لباس زیب تن کیے رہتے ہیں اور خود کو افلاطون سمجھتے ہیں۔ جبکہ تحقیق سے ثابت ہوا کہ جو شخص اپنی ثقافت اور تہذیب کو چھوڑ کر دوسروں کی نقالی کرتا ہے وہ کسی طور ان لوگوں سے زیادہ محب وطن نہیں ہوتا جو اپنی تہذیب و ثقافت کی قدر کرتے ہیں۔ لہذا پاکستانی عوام کو اس حوالے سے بھی دیکھنا چاہیے کہ ان کے کتنے رہنما ایسے ہیں جو اپنی ثقافت و تہذیب کو اپنائے ہوئے ہیں اور کتنے ایسے ہیں جو مغربی ثقافت کے زیر اثر ہیں۔ اس پہلو کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے، اور اپنی ثقافت اور تہذیب کو زیادہ سے زیادہ ترجیح دینی چاہیے۔ تاہم یہاں واضح رہے کہ اپنی تہذیب و تمدن سے پیار کا مطلب دوسروں کی ثقافت اور تہذیب کو غلط سمجھنا نہیں ہے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 25

# Securing Balochistan's artefacts

A large number of smuggled archaeological artefacts of Balochistan which were seized by the French Customs in recent years and handed over to the Embassy of Pakistan. These historically valuable artefacts were seized by the French Customs in pursuance of French obligations arising from UNESCO Convention of 1970 on the Means of Prohibiting and Preventing the Illicit Import, Export and Transport of Ownership of Cultural property, to which both Pakistan and France are signatories. After an extensive investigation which lasted almost a year and involved a raid on the Paris gallery, investigators found a total of 445 items, some dating as far back as 4,000 BC, with an estimated value of 139,000 euros. Among the items given to the Pakistani embassy to mark the handover were a series of beautifully-decorated pots, vases and jars, all painstakingly adorned with small, stylised motifs of animals, plants and trees. There are also many tiny ceramic figurines, as well as plates, bowls and goblets, all of which had been illegally shipped out of Pakistan for sale to dealers abroad. According to archeologists the ceramics came from illegally-excavated graveyards and are examples of two different cultures: the Nal (3100-2700 BC), and the Kulli (2600-1900 BC). Very few sites have been documented and archaeologists stopped their work in Balochistan in 2007 due to political issues in the area. These ancient relics were recovered from various archaeological sites of Balochistan, including Mehergarh, Turbat and Lasbela. Baluchitherium, an extinct Rhinoceros and the largest land mammal to have ever lived on earth about 30 million years ago, had been discovered from Balochistan. A skeleton of "Baluchitherium" has been preserved and installed at the Pakistan Museum of Natural History (PMNH). Balochistan province seriously needs a modern museum where ancient artefacts, historical and cultural stuff could be preserved and displayed. It is vital that the government must establish a museum in Quetta at the earliest where all these relics should be displayed for the general public and tourists. Funds for establishment of the museum project had been allocated while government planned to establish an archaeology and anthropology departments in the University of Balochistan. It is essential that the provincial government must give more importance to promote culture and tourism in Balochistan as the province has dozens of beautiful locations, historical and ancient places that could attract tourists throughout the world. Besides establishing museums and preserving artefacts and relics, more research and study is needed to further dig out the ancient facts, which are still buried under earth and yet to be discovered.

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 21 MAY 2025 Page No. 27



کوئٹہ سے رضا الرحمان کا تجزیہ

# بجٹ کی تیاری، وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کی اپوزیشن سے مشاورت

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں گزشتہ ہفتے دو بڑے سیاسی ایونٹ منعقد کئے گئے۔ صوبائی مخلوط حکومت کے زیر اہتمام جشن فتح کے نام سے کوئٹہ میں ایک بڑا عوامی اجتماع ہوا جس سے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزراء اور ارکان اسمبلی نے خطاب کیا۔ اس ایونٹ میں کوئٹہ سے تعلق رکھنے والے پارلیمنٹیرین نے عوامی طاقت کا مظاہرہ کیا۔ اس عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا کہنا تھا کہ مودی کا غرور خاک میں مل گیا، پاک فوج کی جوابی کارروائی نے بھارت کو جس تاریخی شکست سے دوچار کیا اسے بھارت کی نسلیں یاد رکھیں گی۔

جشن فتح کے اس جلسے سے صوبائی وزراء بخت کاکڑ، ولی نورزئی، ولایت لہڑی، ارکان اسمبلی میر علی مدد جتک، میر عبیداللہ گورگیج، میر عبدالصمد گورگیج، نعیم بازئی، وزیراعلیٰ کے سابق ترجمان بابر یوسفزئی اور دیگر نے پرجوش انداز میں خطاب کیا۔ اگلے دن ہی کوئٹہ میں جمعیت علماء اسلام (ف) نے قومی یکجہتی کے لئے ملین مارچ کا اہتمام کیا۔ جس سے جے یو آئی (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے جانباز ہوابازوں نے قوم کا سر فخر سے بلند کرتے ہوئے نہ صرف بھارت بلکہ اسرائیل سے اہل غزہ کا بھی بدلہ لیا۔ مولانا نے حکومت کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ کوئی ایسا کام نہ کریں جس سے قومی یکجہتی متاثر ہو۔ دریائے سندھ سے نہریں نکالنے کی بات کر کے حکمرانوں نے ملک میں ایک تفریق پیدا کی ہے۔ مائنز اینڈ منرل ایکٹ سے بلوچستان اور کے پی کے حقوق کا مسئلہ پیدا ہوگا۔

بلوچستان کی مخلوط حکومت نے نئے مالی سال 2025-26 کی بجٹ کی تیاری زور وشور سے شروع کر دی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بجٹ کی تیاری کے حوالے سے متعلقہ دفاتر کے ملازمین کی رخصت پر پابندی عائد کر دی ہے۔ نئے بجٹ میں وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی جہاں حکومتی بنچوں پر بیٹھے ارکان کو اہمیت دے رہے ہیں وہاں وہ اپوزیشن ارکان کو بھی مطمئن کرنے میں مصروف ہیں۔ بلوچستان اسمبلی کے اپوزیشن ارکان نے اپوزیشن لیڈر یونس زہری کی قیادت میں وزیراعلیٰ بگٹی سے ملاقات کی جس میں نئے مالی سال کے بجٹ اور صوبے کی مجموعی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ بگٹی نے اراکین اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صوبے کی ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کے لئے تمام اسٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کی حکمت عملی اپنائی گئی ہے۔ اپوزیشن کا مثبت کردار جمہوریت کے استحکام کی علامت ہے۔ ہماری حکومت شفافیت اور مشاورت کے اصولوں پر کاربند ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ نئے مالی سال کے بجٹ میں عوامی مفاد اور صوبے کی ضرورت کو ترجیح دی جائے گی جبکہ ترقیاتی منصوبوں کی تیاری اور عمل درآمد میں عوامی نمائندوں کی مشاورت کو بھی کلیدی اہمیت حاصل ہے۔

سیاسی مبصرین کے مطابق بگٹی حکومت صوبے کے مختلف محکموں کے منصوبوں میں غیر ضروری تاخیر پر سخت نالاں ہے اور ایسے تمام محکموں کو جون تک کا وقت دیا گیا ہے کہ وہ اپنے جاری منصوبوں کو مکمل کریں بصورت دیگر ان کی فنڈنگ روک دی جائے گی اور سست رفتار منصوبوں کے فنڈز ایسے فعال منصوبوں کو منتقل کئے جائیں گے جو تیز رفتاری سے پایہ تکمیل کو پہنچائے جا رہے ہیں۔ ان سیاسی مبصرین کے مطابق بگٹی حکومت بلوچستان کے بجٹ اور پی ایس ڈی پی کو عوامی ضرورت، پسماندہ علاقوں کی ترقی، تعلیم، صحت، بنیادی ڈھانچے اور روزگار کے مواقعوں کو مدنظر رکھ کر ترتیب دے رہی ہے جس کیلئے اپوزیشن سمیت اپنی تمام اتحادی جماعتوں کو اعتماد میں لے رہی ہے۔ صوبائی بجٹ کو عوامی امنگوں کے مطابق بنانے کیلئے بگٹی حکومت پرعزم ہے اور گزشتہ سال کے بجٹ کے مقابلے میں نئے مالی سال کے بجٹ کو بہتر سے بہتر عوامی بجٹ کی شکل دینے کیلئے مشاورت کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آئندہ مالی سال کے وفاقی ترقیاتی پروگرام میں بلوچستان کی ترقیاتی ضروریات اور ترجیحات کو شامل کرنے کیلئے ایک پارلیمانی کمیٹی بھی تشکیل دی ہے جو کہ وزیراعظم پاکستان اور وفاقی وزیر منصوبہ بندی وترقیات سمیت متعلقہ محکموں کے حکام سے ملاقاتیں کرے گی اور انہیں صوبے کی ضروریات اور ترجیحات سے آگاہ کیا جائے گا تاکہ فیڈرل پی ایس ڈی پی میں بلوچستان کے عوامی مفاد کے حامل اجتماعی ترقیاتی منصوبوں کو اولیت دی جائے اور ایسے منصوبے ترجیح کے جائیں جو نہ صرف دیرپا ہوں بلکہ ان کے ثمرات براہ راست عوام تک پہنچیں۔ مواصلات، توانائی، تعلیم، صحت، آبپاشی اور پینے کے صاف پانی کے منصوبوں کو وفاقی پی ایس ڈی پی کا حصہ بنانے اور مواصلات کے شعبے میں جاری نئے منصوبوں کے لیے مناسب فنڈز مختص کرانے کیلئے بلوچستان حکومت پرعزم ہے اور ہر پلیٹ فارم پر وفاقی حکومت کے سامنے رکھے گی۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے متعلقہ محکموں کو ہدایت کی کہ فیڈرل پی ایس ڈی پی میں شامل کئے جانے والے منصوبے نہ صرف فنڈز کے لحاظ سے متوازن ہوں بلکہ ان کی تکمیل، مالی اور تکنیکی سطح پر بھی واضح ہو تاکہ منظوری کے بعد ان پر بروقت عمل درآمد ممکن ہو سکے۔ انہوں نے تمام محکموں کو ہدایت کی کہ وہ وقت ضائع کئے بغیر منصوبہ بندی کو حتمی شکل دے کر سفارشات مرتب کریں تاکہ انہیں وفاق کے سامنے پیش کیا جا سکے۔ ●

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bulleit No. 6 Dated: Page No. 26

# سریاب روڈ پر توجہ دینے کی اشد ضرورت

تحریر: محمد اقبال نیچاری

کوئٹہ شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے گزشتہ روز ڈی سی کوئٹہ نے شہر کی ٹریفک و دیگر معاملات کے بارے میں ایک میٹنگ کی سربراہی کی ہے جو کہ قابل قدر اور ایک احسن اقدام ہے اس طرح کے اقدامات وقتاً فوقتاً اٹھانے کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ شہر کی خوبصورتی بحال ہے ڈی سی کوئٹہ سے اپیل کرتے ہیں کہ سریاب روڈ اور یہاں کے مسائل پر خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے ہم سب جانتے ہیں کہ سریاب روڈ زیر تعمیر ہے روڈ کا درمیانہ ڈیوائیڈ سیکشن تکمیل کے مراحل میں ہے تمام روڈ خصوصاً روڈ کے گرین ایریاز جہاں پر خوبصورتی کے لئے درختوں کے ساتھ ساتھ گراس بھی لگا دی گئی ہے سریاب ایریگیشن، خصوصاً سریاب مل گرین جو کہ کوئٹہ شہر کی مرکزی (مال مویشی منڈی) کو ملانے والے لنک روڈ پر واقع ہے اس مقام پر خصوصاً عیدالاضحی کے دنوں میں مال مویشی کا کاروبار کرنے والے لوگوں کے ہجوم کی وجہ سے شہر کی مرکزی شاہراہ اکثر بند رہتی ہے اور ساتھ ساتھ مین شاہراہ کی خوبصورتی کے لئے لگائے گئے درختوں اور گراس کو بے دردی سے کچلا جا رہا ہے جس کی اقدام سے نہ صرف شہر کی خوبصورتی کو ختم کیا جا رہا ہے بلکہ ٹریفک کے معاملات گھمبیر ہوتے جا رہے ہیں جس کی وجہ سے اس شاہراہ پر سفر کرنے والے تمام لوگ مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں ہم وزیر اعلیٰ، ڈی سی کوئٹہ و دیگر ارباب اختیار سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ عیدالاضحی تک یہاں پر چند پولیس والوں کی ڈیوٹی لگائیں جو کہ مال مویشی کے کاروباریوں کو مین شاہراہ سے دور رکھیں تاکہ روڈ کی خوبصورتی برقرار اور شہر کی روانی بحال رہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No

Dated: 21 MAY 2025 Page No.



[illegible]



[illegible]